نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں گندم کی کاشت کی خصوصی مہم جاری

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کمشنر آفس بہاولپور میں گندم کی کاشت کے حوالے سے اہم اجلاس

بہاولپور ڈویژن میں 27 لاکھ ایکڑ رقبے پر گندم کاشت کی جائے گی، سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: **11 نومبر 2026**( ) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کمشنر آفس بہاولپور میں گندم کی کاشت کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم این اے عبدالغفار وٹو، اراکین صوبائی اسمبلی میاں شعیب الدین اویسی، خالد محمود جٹہ، کاشف نوید پنسوتہ، خالد محمود بابر وارن، غلام مرتضیٰ اور زاہد اکرم نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں، کمشنر عرفان علی کاٹھیا، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈپٹی کمشنرز، ایم ڈی چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی شاہد حسن کلیانی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، عبدالحمید، ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور محمد جمیل غوری سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز اور محکمہ زراعت کے افسران بھی موجود تھے

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ بہاولپور ڈویژن زرعی لحاظ سے ملکی سطح پر منفرد مقام رکھتا ہے۔ صوبہ پنجاب میں ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر گندم کاشت کرائی جائے گی جبکہ بہاولپور ڈویژن میں 27 لاکھ ایکڑ رقبے پر گندم کاشت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کھادوں کی مینوفیکچرنگ، درآمد اور سپلائی کے حوالے سے وفاقی حکومت سے مسلسل رابطے میں ہے۔

وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام اور نمبرداری گرانٹ کے رقبوں پر گندم کاشت کرائی جا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ بیج پر 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کھادوں اور زرعی ادویات میں ملاوٹ کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر گندم کی خریداری کا میکانزم 15 مارچ تک وضع کر دیا جائے گا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا کہ گندم کی کاشت سے برداشت تک جدید پیداواری امور کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ گندم کی کامیاب فصل کے حصول تک جائزہ اجلاسوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

اجلاس میں کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ گندم کی کاشت کی مہم میں فعال اور عملی کردار ادا کر رہی ہے۔

بعد ازاں وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کمشنر آفس بہاولپور میں اینٹی سموگ مہم کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچرل انفارمیشن نوید عصمت کاہلوں، عبدالحمید، محمد جمیل غوری اور دیگر افسران موجود تھے جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع شہباز اختر سمیت فیلڈ فارمیشنز نے آن لائن شرکت کی۔

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایت کی کہ اینٹی سموگ اسکواڈز سرویلنس کے عمل میں مزید تیزی لائیں اور آگ لگانے کے واقعات اور ان کی روک تھام کے حوالے سے درست رپورٹنگ کی جائے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے ہدایت کی کہ اینٹی سموگ سرگرمیوں کی روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ مرتب کر کے پیش کی جائے۔

☆☆☆☆